پریس ریلیز

Nestlé
Good Food, Good Life

ڈرپ آبپاشی سے پانی کی بچت ممکن

لاہور 04 فروری، 2019ء: نیسلے پاکستان میں نیسلے واٹر کے سینئر نائب صدر اور ٹیکنیکل کے سربراہ، پیٹر ہگمین، نے شیخوپورہ کے نزدیک نیسلے پاکستان کے ایگریکلچرایفی شنسی پراجیکٹ کے تحت ایک نئی آب پاشی سائٹ کا افتتاح کیا۔ اس پراجیکٹ میں سالانہ 54 ملین لیٹر پانی کی بچت کی صلاحیت موجود ہے۔

کمپنی کی جانب سے پانی کی بچت کے ضمن میں اس مسئلے کو حل کرنے کا یہ مجموعی نقطہ نظر ہے۔

پاکستان میں آبپاشی کے روائتی طریقے یعنی فلڈ آبپاشی کے مقابلے میں Drip آبپاشی کی تنصیب بہت کامیاب ہے۔ دنیا بھر میں تقریباً 70 فیصد پانی زرعی شعبے میں استعمال کیا جاتا ہے، اور پاکستان میں، اس کا استعمال 90 فیصد ہے، جس میں سے آبپاشی کے ناقص طریقوں کے استعمال کی بناء پر 50 فیصد پانی ضائع ہوجاتا ہے۔ پانی کو بچانے اور پیداوار کو فروغ دینے کے لئے، نیسلے پاکستان نے حکومت اور کسانوں کے ساتھ مل کر پانی کی کمی پر قابو پانے کے لئے شراکت داری کو فروغ دیا ہے۔

نیسلے پاکستان نے اس کی تنصیب حکومتِ پنجاب کے تعاون سے کی، جس میں سے 40 فیصد لاگت کمپنی اور 60 فیصد خرچہ حکومت برداشت کرتی ہے۔ زرعی کارکردگی کا منصوبہ 2017ء میں شروع کیا گیا تھا جو کہ 2018ء میں اب تک 109 ایکڑ زمین پر پھیل چکا ہے، اندازے کے مطابق اس اقدام کے تحت 280 ملین لیٹر پانی کو بچایا گیا ہے۔

پیٹر ہگمین، نے اس افتتاحی تقریب میں کہا: ’’ پاکستان میں پانی کی کمی کے احساس کی ضرورت نہ صرف کاروبار کی بقا کے لئے اہم ہے، بلکہ عالمی ماحولیاتی نظاموں اور اقتصادیات کی مجموعی خوشحالی کے لئے بھی ضروری ہے۔ نیسلے پاکستان کو ایک اجتماعی نقطہ نظر، اور فیکٹری کی چاردیواری سے باہر کام کرنے کی اہمیت کا احساس ہے۔ کسانوں، حکومت، معاشروں، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی جیسے شراکت داروں کے ساتھ، نیسلے پاکستان پانی کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینے کے لئے اجتماعی اقدامات کر رہی ہے۔‘‘

نیسلے واٹر کے کنٹری بزنس منیجر، خرم ضیاء نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ’’ ایگریکلچر ایفی شنسی پراجیکٹ میں روایتی زراعت سے بڑھ کر، اور خاص طور پر پاکستان کے زراعت کے شعبے میں پانی کی بچت کرنے کی بڑی صلاحیت ہے۔ پانی مشترکہ وسائل میں سے ایک ہے جس میں ہر اسٹیک ہولڈر کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ نیسلے کا پانی کی کارکردگی کا نقطہ نظر پائیدار ترقیاتی مقاصد یعنی Sustainable Development Goals (SDGs) 6 اور 12 یعنی صاف پانی اور حفظان صحت، پانی کا ذمہ دارانہ استعمال اور پیداوار پر مبنی ہے، لہذا، کمپنی اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کو پانی کے وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور اس مسئلہ کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لئے پرعزم ہے۔‘‘

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے :

عاتکہ میر خان
پبلک افیئرز منیجر، نیسلے پاکستان
رابطہ نمبر: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad@PK.nestle.com